لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ شوال المکرم ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۳ اگست ۱۹۱۷ء | جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	استعفا سید شوکت حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس فیکٹریز و تقرر جمیل احمد خاں	۱
۲	رخصت لیڈی ڈاکٹر صاحبہ	۲
۳	چارج سپرنٹنڈنٹی جیل و شفاخانہ جات فوجی بہ کپتان ڈاکٹر مولوی عبدالحکیم خاں صاحب	رر
۴	رخصت نائب پیشکار تحصیل بلاسپور	رر
۵	تفویض کار پیشکاری آبکاری بہ سید باقر الحسین صاحب نائب تحصیلدار	رر
۶	توسیع مدت درخواستہا شرکت پیشگان وکالت	رر
۷	نقشہ بارش و نرخ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

استعفا

۳۱ جولائی ۱۹۱۷ء

سید شوکت حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس فیکٹریز کا استعفا بوجہ ضعف معذور ہونے کے سرکار منظور فرمایا گیا اور ساٹھ روپیہ ماہوار وظیفہ معرفت خیر سے مقرر ہوا بجائے انکے جمیل احمد خاں ۱۲ اپریل ۱۹۱۷ء سے سپرنٹنڈنٹ آفس فیکٹریز بشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار مستقل مقرر ہوتے۔

رخصت

۵ اگست سنہ ۱۹۱۷ء

رخصت یک ماہ لیڈی ڈاکٹر منظور فرمائی گئی۔ ایام رخصت میں رحیم بی بی سات بجے صبح سے دو بجے دن تک اسپتال میں کام کرینگی۔ اسکے بعد خاص باغ میں حاضر ہوا کرینگی سواری کیواسطے گاڑی خانہ سے رتھ دیا جائے گا۔

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۶ اگست سنہ ۱۹۱۷ء

کپتان ڈاکٹر عبد الحکیم خاں کی صحت پہلے سے اب کسی قدر اچھی ہے فی الحال وہ سپرنٹنڈنٹی جیل اور صیغہ فوج کے شفاخانہ جات کا کام انجام دے سکتے ہیں۔ لہذا ان کاموں کا چارج لے لیں۔ آئندہ جب انکی صحت ٹھیک ہو جائیگی تو وہ شفاخانہ صدر کا بھی چارج لے سکینگے

حکم ہوا کہ

نقل صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ فقط

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
رخصت

۴ اگست سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ تحصیلدار بلاسپور رخصت پندرہ یوم منشی تجمل حسین خاں نائب تحصیلدار تحصیل بلاسپور ۲۸ جولائی سنہ ۱۹۱۷ء سے بوجہ علالت منظور کیگئی

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
واقع ۱۱ اگست سنہ ۱۹۱۷ء

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

سید ریاض الحسنین نائب تحصیلدار جو اجلاس میں پیشی کا کام سیکھتے ہیں تا صدور حکم ثانی پیشکاری آبکاری کا کام انجام دیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۱۲ اگست سنہ ۱۹۱۷ء

امتحان وکلاء کیلیے سابق میں اگست کا مہینہ مقرر ہوا تھا اور درخواستیں پیش کرنیکی یکم جولائی تک میعاد مقرر کی گئی تھی۔ بعد ازاں حسب درخواست امیدواران وکالت میعاد میں توسیع کردی گئی اور اب امتحان کیلیے ماہ دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء مقرر ہے۔ لہذا مناسب ہے کہ درخواستیں پیش کرنیکے لیے بھی میعاد میں توسیع کردی جائے۔

حکم ہے کہ

باجرائے نقل روبکار ہذا صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر کو اطلاع دیجائے کہ درخواستہائے شرکت امتحان آخر ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء تک لیجائیں ایک نقل روبکار ہذا درج گزٹ کیجائے اور بعد اجرائے احکام روبکار ہذا شامل مثل کیا جائے۔ فقط

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۳ لغایت ۹ اگست سنہ ۱۹۱۷ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ تعداد خطوط	صدر عالیہ افزونی	تحصیل بلاسپور تعداد خطوط	تحصیل بلاسپور افزونی	تحصیل سوار تعداد خطوط	تحصیل سوار افزونی	تحصیل شاہ آباد تعداد خطوط	تحصیل شاہ آباد افزونی	تحصیل ملک تعداد خطوط	تحصیل ملک افزونی	تحصیل ٹانڈہ تعداد خطوط	تحصیل ٹانڈہ افزونی
۳ اگست سنہ ۱۹۱۷ء یوم جمعہ	۱۵	۱۱۳	۵	۱۳۶	۰	۲۳۵	۱۰	۱۲۷	۱۵	۱۱۵	۵	۱۱۸
۴ " " شنبہ	۱	۱۱۴	۲	۱۳۸	۶	۲۴۱	۱۵	۱۴۲	۰	۱۱۵	۱	۱۱۹
۵ " " یکشنبہ	۰	۱۱۴	۰	۱۳۸	۰	۲۴۱	۱۰	۱۵۲	۰	۱۱۵	۰	۱۱۹
۶ " " دوشنبہ	۰	۱۱۴	۰	۱۳۸	۰	۲۴۱	۰	۱۵۲	۰	۱۱۵	۰	۱۱۹
۷ " " سہ شنبہ	۰	۱۱۴	۰	۱۳۸	۰	۲۴۱	۰	۱۵۲	۰	۱۱۵	۰	۱۱۹
۸ " " چہارشنبہ	۳	۱۱۷	۱۹	۱۵۷	۱۶	۲۵۷	۰	۱۵۲	۱۱	۱۲۶	۰	۱۱۹
۹ " " پنجشنبہ	۰	۱۱۷	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۵۲	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۱۹

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۵ لغایت ۱۲ اگست سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ ثار	۵ ثار			۱۰ ثار ۱۱ ثار		تحصیل ملک بلاسپور ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۲ ثار	۱۳ ثار			۱۶ ثار		
نخود کسیرہ آمیز	۱۴ ثار	۱۴ ثار			۱۶ ثار		
کسیرہ	۱۶ ثار	۰			۱۷ ثار		
ماش	۸ ثار	۵ ثار			۷ ثار		
مونگ	۹ ثار	۰			۷ ثار		
مکا	۱۱ ثار	۰			۱۶ ثار		
جئی	۱۷ ثار	۰			۳۰ ثار		
گوجئی	۰	۰			۱۶ ثار		
مسور	۹ ثار	۰			۱۰ ثار		
ارہر	۱۲ ثار	۰			۱۶ ثار		
برنج	۶ ثار	۶ ثار			۷ ثار		
روغن زرد	۱ ثار	۱ ثار			۱ ثار		
روغن سیاہ	۳ ثار	۲ ثار			۲ ثار		
روغن کنجد	۱ ثار	۱ ثار			۱ ثار		
نمک سانبھر	۱۰ ثار	۱۲ ثار			۱۴ ثار		
نمک لاہوری	۶ ثار	۸ ثار			۱۱ ثار		
قند سیاہ	۳ ثار	۴ ثار			۴ ثار		
باجرہ	۷ ثار	۰			۸ ثار		